प्रश्न–पत्र की योजना

कक्षा – **10**
विषय – उर्दू तृतीय भाषा
अवधि – 2 घण्टे 45 मिनट पूर्णांक – 80

1. उद्देश्य हेतु अंकभार –

क्र.सं.	उद्देश्य	अंकभार	प्रतिशत
1.	ज्ञान	23	28.75
2.	अवबोध	25	31.25
3.	अभिव्यक्ति	23	28.75
4.	मौलिकता	09	11.25
योग		80	100

2. प्रश्नों के प्रकारवार अंकभार –

क्र. सं.	प्रश्नों का प्रकार	प्रश्नों की संख्या	अंक प्रति प्रश्न	कुल अंक प्रतिशत	प्रतिशत प्रश्नों का	संभावित समय
1.	वस्तुनिष्ठ	1(i-xii)	1	12	15.00	17
2.	अतिलघूत्तरात्मक	2(i-vi,i-xii)	1	18	22.50	33
3.	लघूत्तरात्मक	13	2	26	32.50	31
4.	दीर्घउत्तरीय प्रश्न	4	3	12	15.00	37
5.	निबंधात्मक	3	4	12	15.00	47
	योग	23		80	100	165

विकल्प योजना : आन्तरिक

3. विषय वस्तु का अंकभार –

क्र.सं.	विषय वस्तु	अंकभार	प्रतिशत
1.	अपठित गद्यांश	8	10
2.	मज़मून	4	5
3.	खुतूत / दरख्वास्त नवीसी	4	5
4.	क़वाइद	16	20
5.	पाठ्यपुस्तक हिस्सा–ए–नस्र	24	30
6.	पाठ्यपुस्तक हिस्सा–ए–नज़्म	24	30
7.		80	100

प्रश्न–पत्र ब्ल्यू प्रिन्ट

कक्षा – 10 विषय :– उर्दू (तृतीय भाषा) पूर्णांक – 80

क्र. सं.	उद्देश्य इकाई/उप इकाई	ज्ञान					अवबोध					ज्ञानोपयोग/अभिव्यक्ति					कौशल/मौलिकता					योग
		वस्तुनिष्ठ	अति.लघु	लघु उत्तरात्मक	दीर्घउत्तरीय	निबन्धात्मक	वस्तुनिष्ठ	अति.लघु	लघु उत्तरात्मक	दीर्घउत्तरीय	निबन्धात्मक	वस्तुनिष्ठ	अति.लघु	लघु उत्तरात्मक लघु 1	दीर्घउत्तरीय	निबन्धात्मक	वस्तुनिष्ठ	अति.लघु	लघु उत्तरात्मक	दीर्घउत्तरीय	निबन्धात्मक	
1.	अपठित गद्यांश								4(2)					2(1)					2(1)			8(4)
2.	मज़मून																				4(1)	4(1)
3.	खुतूत/दरख्वास्त नवीसी															4(1)						4(1)
4.	क़वाइद			8(4)					4(2)					4(2)								16(8)
5.	पाठ्यपुस्तक हिस्सा–ए–नस्र	3(1)	4(1)		3(1)		3(–)	3(1)	2(1)				3(–)		3(1)							24(6)
6.	पाठ्यपुस्तक हिस्सा–ए–नज़्म	3(–)	2(–)				3(–)	3(–)		3(1)			3(–)		4(1)					3(1)		24(3)
		6(1)	**6(1)**	**8(4)**	**3(1)**	**-**	**6(–)**	**6(1)**	**10(5)**	**3(1)**	**-**	**-**	**6(–)**	**6(3)**	**7(2)**	**4(1)**	**-**	**-**	**2(1)**	**3(1)**	**4(1)**	
			23(7)					**25(7)**						**23(6)**					**9(3)**			**80(23)**

विकल्पों की योजना :– प्र.सं. 17,18,19,20,21,22,23 में एक आंतरिक विकल्प है **नोटः– कोष्ठक में बाहर की संख्या अंकों की तथा भीतर प्रश्नों की द्योतक है।**

हस्ताक्षर

SECONDARY EXAMINATION-2022

MODEL PAPER - 2022

URDU

اردو

(Third Language)

Time : 2.45 Hours

Maximum Marks : 80

طلبہ/ طالبات کے لیے ہدایات:

(i) طلبہ/ طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات کرنا لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصّے ہوں اُن حصّوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(vi) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

حصّے	سوالوں کی تعداد	ہر سوال کے نمبر	کل نمبر
حصّہ (الف)	سوال نمبر 1 میں (i سے xii) کل 12	1	12
	سوال نمبر 2 میں (i سے vi) کل 6	1	6
	سوال نمبر 3 میں (i سے xii) کل 12	1	12
حصّہ (ب)	سوال نمبر 6 سے 16 کل 13	2	26
حصّہ (ج)	سوال نمبر 17 سے 20 کل 4	3	12
حصّہ (د)	سوال نمبر 21 سے 23 کل 3	4	12
	سوالات کی کل تعداد 23	کل نمبر	80

حصّہ (الف)

سوال 1۔ مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے چار ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب چن کر کاپی میں لکھیں۔

(i) تکلف کے معنی ہیں۔ 1

(الف) غم (ب) بے چینی

(ج) دکھاوا (د) پریشانی

(ii) اکبر کس خاندان کا بادشاہ تھا؟ 1

(الف) لودھی (ب) خلجی

(ج) غلام (د) مغل

(iii) رگھوپت سنگھ کے کتنے بیٹے تھے؟ 1

(الف) ایک (ب) دو

(ج) تین (د) چار

(iv) سنسکرت کس زبان کی شاخ ہے؟ 1

(الف) بنگالی (ب) مراٹھی

(ج) پنجابی (د) آریائی

(v) لین شو نے کس کے نام خط لکھا؟ 1

(الف) دوست کے نام (ب) خدا کے نام

(ج) والد کے نام (د) بیوی کے نام

(vi) دستور کے معنی ہیں۔ 1

(الف) قانون (ب) کتاب

(ج) ذات (د) سماج

(vii) نظم ''حمد'' کے شاعر کا نام ہے۔ 1

(الف) مولانا حالیؔ (ب) نظیرؔ اکبرآبادی

(ج) اسمٰعیلؔ میرٹھی (د) مرزا غالبؔ

(viii) عوامی شاعر کسے کہا جاتا ہے؟ 1

(الف) علاّمہ اقبالؔ (ب) مولانا حالیؔ

(ج) نظیرؔ اکبرآبادی (د) فراقؔ گورکھپوری

(ix) میرؔ کو کس لقب سے یاد کیا جاتا ہے؟ 1

(الف) خدائے سخن (ب) سر

(ج) شمس العلما (د) بابائے اردو

(x) ''لائی حیات آئے قضا لے چلی چلے'' میں حیات کے معنی ہیں۔ 1

(الف) جوانی (ب) زندگی

(ج) موت (د) بڑھاپا

(xi) مرزا غالبؔ کے دیوان کا کیا نام ہے؟ 1

(الف) دیوانِ غالبؔ (ب) کلیات غالبؔ

(ج) اردوئے معلیٰ (د) دیوانِ اسدؔ

(xii) پہاڑ نے کسے ڈوب مرنے کو کہا؟ 1

(الف) بکری کو (ب) گلہری کو

(ج) نیولا کو (د) ہرن کو

سوال 2۔ مندرجہ ذیل خالی جگہ پُر کیجیے۔

(i) راجپوتوں کے ایک سردار کا نام.....تھا۔ 1

(ii) امبیڈکر کا اصل نام .....تھا۔ 1

(iii) رضیہ سلطان دہلی کے بادشاہ .....کی بیٹی تھی۔ 1

(iv) وہ بے جان کاٹھ کا گھوڑا اس کی .....سے چپک کر رہ گیا تھا۔ 1

(v) جو پار اُتارے اوروں کو اس کی بھی .....اترنی ہے۔ 1

(vi) کوئی برا نہیں قدرت کے .....میں۔ 1

سوال 3۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جواب ایک جملے میں لکھیے۔

(i) سبق ''بے تکلفی'' کے مصنف کا نام لکھیے۔ 1

(ii) دراوڑ کون کون سی زبانیں بولتے تھے؟ 1

(iii) لین شو نے لفافہ پر کیا پتہ لکھا؟ 1

(iv) رضیہ سلطان نے ''میر آخور'' کا عہدہ کسے دیا تھا؟ 1

(v) وزیر کی بے چینی کا سبب کیا تھا؟ 1

(vi) وزیر علی کے کارنامے سن کر کس کے کارنامے یاد آتے ہیں؟ 1

(vii) نظم ''حمد'' کے آخری شعر میں ''کارخانے'' سے کیا مراد ہے؟ 1

(viii) نظیر اکبر آبادی کہاں پیدا ہوئے؟ 1

(ix) بے چینی کے عالم میں شاعر پر کیا بیت رہی ہے؟ 1

(x) ''ابھی آئے ابھی چلے'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ 1

(xi) ''موت کا ایک دن معیّن ہے'' میں معیّن کے کیا معنی ہیں؟ 1

(xii) علامہ اقبالؔ کی کسی ایک نظم کا نام لکھیے۔ 1

حصّہ (ب)

نوٹ:۔مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔

ایک غریب آدمی مُرید پور کے ایک چھوٹے سے گاؤں میں اپنے ٹوٹے پھوٹے پرانے مکان میں رہتا تھا۔ وہ مکان ایک دن اچانک زمین پر آ گرا۔ اس کو اب ایک نیا مکان بنانے کی فکر لاحق ہوئی۔ اس نے اپنے اور اپنے بال بچوں کا پیٹ کاٹ کر اور مزدوری کر کے کچھ روپیہ جمع کیا اور ایک نیا مکان بنوانا شروع کیا۔ دیواریں کھڑی ہو گئیں دروازہ بھی بن گیا، لیکن چھت بھرنے کے لیے غریب کے پاس پیسہ نہ بچا۔ چنانچہ اس نے چھت کی جگہ گھاس پھوس بچھا کر اس کے اوپر مٹّی ڈال دی اس نے سوچا کہ برسات شروع ہونے سے قبل چھت ٹھیک کروالوں گا۔

سوال 4۔غریب آدمی کہاں رہتا تھا؟ 2

سوال 5۔ نیا مکان بنوانے کے لیے غریب آدمی نے کیا کیا؟ 2

سوال 6۔غریب آدمی نے مکان کی چھت کیسے بنوائی؟ 2

سوال 7۔اس اقتباس میں استعمال ہوئے محاورہ ''پیٹ کاٹنا'' کا مطلب لکھیے۔ 2

نوٹ:۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات مختصراً تحریر کیجیے۔

سوال8۔فعل کی تعریف لکھیے۔ 2

سوال9۔مفعول کی تعریف لکھیے۔ 2

سوال10۔مہاورہ ''چھٹی کا دودھ یاد آنا'' کا معنی لکھیے۔ 2

سوال11۔کہاوت ''آم کے آم گٹھلیوں کے دام'' کا معنی لکھیے۔ 2

سوال12۔مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد الفاظ لکھیے۔ 2

(i) شکست (ii) شہر

سوال13۔مندرجہ ذیل رموزِ اوقاف کی علامتیں لکھیے۔ 2

(i) سوالیہ (ii) ختمہ

سوال14۔مندرجہ ذیل واحد الفاظ کے جمع الفاظ لکھیے۔ 2

(i) فوج (ii) بیگم

سوال15۔مندرجہ ذیل الفاظ پر سابقے یا لاحقے لگائیے۔ 2

(i) نصیب (ii) عزت

سوال16۔اکبر رگھوپت کی کس بات سے متاثر ہوا؟ 2

حصّہ(ج)

سوال17۔مندرجہ ذیل اقتباس کا مطلب لکھئے اور سیاق وسباق کا حوالہ بھی دیجیے۔ 3

ہمارے ایک اور بے تکلف دوست ہیں وہ جہاں کہیں ہم سے ملتے ہیں مصافحہ کرنے کے بجائے بار بار بغل گیر ہو کر بے تکلفی کا اظہار کرتے ہیں۔ ایک بار انارکلی میں ملاقات ہوئی۔ بازار کے بیچ انھوں نے یہ عمل جو دہرانا شروع کیا تو راہ گیر دانتوں میں انگلیاں داب کر رہ گئے۔ ہر دو منٹ کے بعد بغل گیر ہو کر کہتے ''بھئی خوب ملے'' یار حد ہو گئی۔ وہ اس انداز سے مجھے اپنے بازوؤں کے شکنجے میں کس رہے تھے، گویا برسوں کے بعد ملے ہیں۔ حالانکہ اس ملاقات سے صرف دو دن پہلے مال روڈ پر ملے تھے اور وہاں بھی انھوں نے اسی قسم کی گرم جوشی کا مظاہرہ کیا تھا۔

یا

رضیہ نے تخت نشینی کے بعد نہایت بہادری سے مشکلوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا وہ فوج کی کمان خود سنبھالتی تھی۔ اس نے بادشاہوں کی طرح ''قبا'' اور ''کُلاہ'' پہنی اپنے نام کے سکے جاری کیے۔ سلطنت میں امن قائم کیا۔ انتظام کو بہتر بنایا اور عوام کی خوشحالی کا ہر طرح سے خیال رکھا۔ تجارت کو فروغ دیا۔ سڑکیں بنوائیں۔ درخت لگوائے اور کنوئیں کھدوائے۔ اس نے مدرسے اور سرکاری کتب خانے بھی قائم کیے۔ رضیہ سلطان کو خود بھی پڑھنے لکھنے کا شوق تھا۔ وہ اچھی گھڑ سوار تھی اور اسے جنگی اسلحوں کے استعمال کا ہنر بھی آتا تھا۔ اس کی حکومت بنگال سے سندھ تک پھیلی ہوئی تھی۔

سوال 18۔ سید احتشام حسین کی مختصر حالاتِ زندگی لکھیے۔ 3

یا

حبیب تنویر کی مختصر حالاتِ زندگی لکھیے۔

سوال 19۔ مندرجہ ذیل اشعار کا مطلب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے۔ 3

(i) ہستی اپنی حباب کی سی ہے یہ نمائش سراب کی سی ہے

(ii) ہو عمرِ خضر بھی تو کہیں گے بوقتِ مرگ ہم کیا رہے یہاں، ابھی آئے، ابھی چلے

یا

مندرجہ ذیل نظم کے جُزو کا مطلب لکھیے اور شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی لکھیے۔

کہا یہ سن کر گلہری نے منہ سنبھال زرا
یہ کچّی باتیں ہیں، دل سے انھیں نکال زرا
جو میں بڑی نہیں تیری طرح تو کیا پروا
نہیں ہے تو بھی تو آخر میری طرح چھوٹا

سوال 20۔ نظم ''حمد'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 3

یا

نظم ''قدم بڑھاؤ دوستو!'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

حصّہ (د)

سوال 21۔ مرثیہ کی مختصر تعریف لکھیے۔ 4

یا

نظم کی مختصر تعریف لکھیے۔

سوال 22۔فرض کیجیے آپ کا نام جمیل احمد ہے اور آپ گورنمنٹ سیکنڈری اسکول جے پور میں پڑھتے ہو، اسکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب کو دو دن کی چھٹی کی درخواست لکھیے۔ 4

یا

اپنے دوست کو دسویں جماعت میں اوّل آنے پر مبارک باد کا خط لکھیے۔

سوال 23۔مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مختصر مضمون لکھیے۔ 4

(i) تعلیمِ نسواں۔

(ii) عیدالفطر

(iii) میلے کی سیر

---ختم شد---